© rasailojaraid.com



کی تعمیر اور تبلیغی، تعلیمی اور قرآنی تدریس، نیز اشاعتی مہمات، کیسٹوں کے سلسلے اور ٹیلی وژن تک پہ وقت غریدنے کی مثالیں موجود ہیں۔

یہ کتاب معلوماتی ہی نہیں، تاریخی حیثیت بھی رکھتی ہے اور ایمان پرور بھی ہے۔

(ا ت - ص)

---

**تاریخ جہاد کشمیر** مصنف: ڈاکٹر ایچ - بی - خان - ناشر: الحمد اکادمی ۵/۱۴ اسی لیاقت آباد، کراچی نمبر ۱۹ - صفحات: ۱۲۸، قیمت: ۴۰/ روپے مجلد۔

اس کتابچے میں کشمیر کا جغرافیائی اور تاریخی پس منظر بیان کرنے کے بعد ۱۹۴۷ء کے جہاد کشمیر کے حالات و واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ جہاد کی شرعی حیثیت پر بحث ہے۔ اور جہاد کشمیر کے بارے میں مولانا مودودیؒ اور مولانا شبیر احمد عثمانیؒ کے درمیان ہونے والی مراسلت کے بعض حوالے درج ہیں۔ ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے پس منظر میں مسئلہ کشمیر پر روشنی ڈالی ہے۔ کشمیری مسلمانوں پر ہونے والے بھارتی ظلم و ستم کا تذکرہ بھی ہے۔ مگر ۱۹۹۰ء کے جدید دردناک حالات اس میں نہیں آسکے۔

(م - ا)

---

**جداگانہ نظامِ تعلیم** مرتبہ: روبینہ ناز - ناشر: شعبۂ تصنیف و تالیف، اسلامی جمعیت طالبات، پاکستان - صفحات: ۷۸ - قیمت درج نہیں۔

مختلف اہل قلم کے لکھے ہوئے آٹھ مضامین پر مشتمل یہ کتابچہ خواتین کے لیے جداگانہ تعلیم کے حوالے سے ترتیب دیا گیا ہے۔ مخلوط تعلیم کے نقصانات واضح کیے گئے ہیں۔ اور خواتین کے لیے الگ یونیورسٹی کے قیام کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔ بروقت اور مفید مجموعہ ہے۔

(م - ا)

---

© rasailojaraid.com